بسم اللہ الرحمن الرحیم

# برہان نام رکھنا کیسا؟

دارالافتاء اہلسنت (دعوت اسلامی)

## سوال

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ برہان نام رکھنا کیسا؟

## جواب

برہان نام رکھنا جائز بلکہ مستحسن ہے یہ حضور پاک صلی اللہ علیہ و سلم کے مبارک ناموں میں بھی ہے.جس کا معنی واضح و روشن دلیل ہے۔

امام اہلسنت، امام احمد رضا خان قادری رحمۃ اللہ تعالی علیہ فرماتے ہیں : "حدیث سے ثابت کہ محبوبانِ خدا، انبیاء و اولیاء علیہم الصلوۃ و الثناء کے اسمائے طیبہ پر نام رکھنا مستحب ہے جبکہ ان کے مخصوصات سے نہ ہو"(فتاوی رضویہ، جلد24، صفحہ685، رضا فاؤنڈیشن، لاہور)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

مجیب : مولانا عابد عطاری مدنی

فتوی نمبر: FatwaQA-036

تاریخ اجراء: 19 ربیع الاول 1448ھ/01 اگست 2026ء